حسرتَن ہُنٛدی باغ چھاوٕنی ناگ ہیٚتھ ییٚتھ خاب چھِم
باگہٕ آمُت آسہٕ ہم یُس بُنٛتھ طمع کانٛہہ آسہٕ ہے

آکھ اکِس پتہٕ قافلِس میانٛس غمے رُوٗدی ہمسفر
بنٛتھ دمَس دِلشاد گرِتھ ہے تیٚتھ دماہ کانٛہہ آسہٕ ہے.

گُنبز چھُم دوستاہ اکھ پاسباناہ
زمینس چھُم مےٚ زٲن اکھ آسماناہ

بہٕ چھُم ظلماتنٕے منز گاش وانٛان
الف لیلا مےٚ ہمراہ داستاناہ

بنگستان آسٕو تن کاتیاہ ژھوٚپاسے
تراوتھ ستھ دِلس چھُم آستاناہ

بہٕ چھُم صحراوٕتے منز ناگہہ راداہ
کوٚہن بالن کھوٚرن تل نیستاناہ

بہٕ بنہٕ ہنہٕ آس چاٲنس عالمس منز
مےٚ مشہٕر نکتہٕ دٲنی چیستاناہ

تیتھ پنیہِ مُشکِل بَنِتھ آسان گے
پۄز تِمَن سٕتّین موٗلِٕکی کَم جان گے

آفتاباہ نوٗن کھَسنتھ دِلہٕ کِس وَس
دُنلِہ بُنٕی صَد جان گے ازمان گے

سوٗکھ تہٕ دوٗکھ تحلیل سَپدِے اکھ اکِس
تَنتھ مقامَس زانہٕ وِفی انزان گے

راتھ تامَتھ آسی یِم ذیشان بُلکھ
مُھٹی زمانَس، راوی، گوٚت نادان گے

یُوٗنٹھ چیرِتھ یِم چمن سَگہٕ وان آسی
تِم سَرائِن ہٕشدی عجب عنوان گے

ہیتھ جامہ جم آمُت چھُ کالی
مَنتہٕ رُوزتم یارہٕ وُبالی
چھی جامہٕ آگنِتھ بیتھی مہ لالی
مَنتہٕ رُوزتم یارا وُبالی

چلیتھ وہتھ تہِ ما سراب گوکھ
سجدا دیتھ محراب گوکھ
بتیہِ چھکھ دِوان شاٹھن تہٕ آلی
مَنتہٕ رُوزتم یارا وُبالی

لَلہٕ مُوج پھے لَلہٕ وان گھے
نُندہٕ ریشی تہِ پھے سُلہٕ دان گھے
ھمدانہٕ اُنِنے کرشہ ژنڈ واآلی
مَنتہٕ رُوزتم یارا وُبالی

مَتہٕ دُوٗرتَم گوٗرتھَم مٔنے سُوٗر

اَتھٕ مُوٗرتھَم نیوٗتھَم مٔنے نُوٗر

گاٚنیاہ سَتَم مٔنے چاٚنی ژاٚلی

مَتہٕ دُوٗرتَم یارا دُوباٚلی

دوٗن گُوٗترَن مَنٛز چھُے حیات

دُوٗبہٕ دٕنی تِمے چھِی دوٚہ تہٕ رات

ژھاران تِمہٕ چھِی دُوٗر آلی

مَتہٕ دُوٗرتَم یارا دُوباٚلی

جہات غشقکی دوہے بتَرِ ٹھۓ
قصیدہ لیکھتھ لفظ گرتھ ٹۓ
محل سجاۓتھ مکاں بترتھ ٹۓ
اما ۆدی کسُ پگاہ مَرتھ ٹۓ

صُبحن ووتھ وُلن ژہ وُزناوم
پانَس ستتین ہمراہ تھاوم
صحراواہ دوہہ اڑِ اکہ ہٹیوک ناڈتھ
راوم دَتھ یامَتھ مناوم

خلوَت خانہَ منز ہیرِ ووٗنی
کھُلہ فضہس منز ووٗلہ پھیرِووٗنی
اَسلافن ہُند دیت ژھراو
وٗآرا ناہ کانہہ ووٗلہ شیرِووٗنی

سو کھا بُوٚنت آسِتھ سو کھاہ رُوٚومت زن
دوہ کھن ازچھ شہلتھ چھو کھاہ سوٚومت زن

یمن غافلن بس زٕرے اوٚس سوٚرُے
تِمن پھُکھ حقیقی سِراہ بوٚومت زَن

فقیراہ سُہ راتُھ طلب گار قطرُک
چھُ از لولہ والیو سَراہ چھوٚومت زن

سُہ ناواہ لیکھتھ اوٚس ہر برگ گلشن
زمانن نِشاناہ چھُ نہہ نُوٚومت زن

قدی بنٕیہ توانا سُہ آزاد وُڈُوٚن
چھُ وقتن سُہ شاہین از پُوٚومت زن

کیٚتژ پٔرٕ ژھیٚنی کیٚتژ چھکیٚ تھوٗد اتھ میانی
دۄہ تہٕ وۄلنم قُہِلہِ گٔژ ژھۄد اتھ میانی
یَم عَغیرا، یوٗز فقیرا، کٔن بہٕ کوتھ
دَتھ گَمژ چھم گَتھ گرٕنی چھابات میانی

دٕلیج کِتاباہ بَرِتھ چھوکن ہاشر
بَنِتھ تہٕ گُدٕرِتھ عَمَن دوکھن ہاشر
حَمد چھُ واجب کران وُوُتم
تُلوَ کتھاہ وونی لِللّٰہ سوکھن ہاشر

مَرگن وُڈٕرن بالَن پھیرتھ
ہرچہٕ زَردِی گُلشن نیرتھ
ووٗھ وِژ سوٚتن ڈل کھٔو الَس
پَتہٕ کھۄت تُرَے شیرتھ پُرِتھ

وارِلی ژامتی باغن منز
بُلبُل لَسہ کَتہِ زاغن منز
یُس پَتہِ وُتھراوسِ پہو رود
بونے چھُنہ پَتہِ خابن منز

ژھ ما انگن آشاون ہنز کتھاہ
میچھرن تے مِلہِ ژارن ہنز کتھاہ
فرصتاہ یتہِ روزکس یتھ محشرس
گیٔہ نشاطن شالہِ مارن ہنز کتھاہ

یتھ بستی منز ساری زیرک بے چھس سیود
ساری زانتھ مانتھ سپٕدِ بے نیشہ بود
بَس بے اکھ نالاں یتھ محشر خانس منز
تا پَس منز شنہ مانین پیٹھ پرتھ شخصاہ تھود

بےغارن منز غم خواراہ کنہہ یاراہ گوٚژھ
یَتھ غارس اسمأنی کنہہ مَہہ پاراہ گوٚژھ

وَقتن یُس نٔہہ نآدِتھ بیٚیہ متسآدِتھ نھوٚو
تمِہ تہذیبکُ انہاراہ آثاراہ گوٚژھ

اسرارن خضرس وولرس زن کُن گوٗمت
اَتھ رَلہٕ نش دیداراہ کنہہ کوہساراہ گوٚژھ

محشر خانس منز چھُم سُے ساراہ ازلکھ
اِقبالن کنہہ نظماہ گوژھ کنہہ شاراہ گوٚژھ

خوددأری بیٚیہ عظمتھ یُس واپس بخشکھ
بسکیٚتن اے مُنصِف تیٚتھ کنہہ داراہ گوٚژھ

پِتھ کاکُ پۆز منساوُن پھَا
وُونی بسَ اَپزُے وِرناوُن چھَا

طےٚ کوتاہ کوٚر بأطِل وَالِہ
حق منشراوُن مَنساوُن چھَا

معنےٚ لَفظن نۆی نۆی دِتی ہم
پزرُک اِنشا ہِنہناوُن چھَا

بُستی بُستی نٲلِتھ تھگُی اَسی
وٲراتاہ کاتھِہ مُشکاوُن پھَا

اِبن آدم تھُزرِس آسِتھ
نِخنس وَقِتے ہِنہناوُن پھَا

بیٛ تھوٚد ویگے نی کھوٚت چھ ژھینچھس سوٚنچس کنہ چھکہ جانانے
سحرس صدہس کن وآرِتھ چھی طالب وقتہ پر افسانے

برِ مچھے پھل دیٚت انزتاں زانہہ کرہ لعلِ نے شہجارہ دوٚو
گلزارِ یوٚد چھ لیہِ ہن سوٚنتن گرژھہِ ہن کوٚت پتہ ویرانے

شب ژنگہ واں وآنساہ آیہ کھ پوٚز کتھ یاہ کھ انزتاں کر
اَیزِ ہس سگ دِتھ دگہ وِس آلارِتھ اَسہ کتھ نوٚی نوٚی افسانے

توٚت تاپہ یوٚت کارہ مشکل ہارہ گوہ دگوٚب یارہ زِلن
تارن دولاہ مادِ بہ تارہ ۔ صحراوس منز یارانے

اِدہس فضہا دتہ چھس گاراں صبرس بزارہ نِتھ کنی
سوٚنتس ہرداہ پیہم ژھاراں یارس ژھاراں یارانے

شوٗنگتھ رُوٗزتھ مَزارس مَنٛز
وَنٛدس ہَردس بہارَس مَنٛز

سۄ میُرمُت مال وزر رٲوِتھ
موٗتاہ پیٛومُت چھُ غارَس مَنٛز

مۆنٛزرے مینٛز پَدر پھولہٕ نَس گگُل
نوان رُوح دُپھ اِشارس مَنٛز

گُلِستان بُلبُلن آیُت
گوٗلابَن آرے خَارَس مَنٛز

شَنٛزر وَرتاں وُمر سَبزٕ نٕم
عَجَب عَالَم چھُ شعرس مَنٛز

مَرد بَن وۄتھ پکھ تۄ مانس سۭتی
نۄل قدم تَل کارۍ وانس سۭتی

اَچھ وُٹھ زانِہہ وُچھ مہلۍ بن کُن ہوش کُن
چھُے مکان چُون آسمانَس سۭتی

زۍ بۄ خنجرٕ زٲنِتھ میانَس منٛز تھَوُن
پۄز پکاں گژھ بے زبانس سۭتی

عِلم عِلمے اما تھاوُن پزی
لے کلامِ عآرفانس سۭتی

یِموٚ تھوٚ کآرٕ تھُزرٕ ازٕ تامَ وطنس
"کٲشیر" معلٕہ ٲکھ جہانس سۭتی

اے خُدا توفیق دے

دُعائے نیم شب

تحریر

جان محمّد آزاد

نام ہو تیرا زباں پر ہر بلند و پست میں
تھام لوں دامن تمہارا وادیوں میں دشت میں
ہر صدا تکبیر میری ہر دُعا تطہیر ہو
اے خدا توفیق دے اتنی مجھے توفیق دے

ہر نظارا اِک اشارہ باعثِ تحریر ہو
ہر خیاباں ہر بیاباں پَرتوِ تخلیق ہو
بے بہا تحریر میری بے ریا تحقیق ہو
اے خدا توفیق دے اتنی مجھے توفیق دے

بوند میں اُترا ہوا اِک آسماں ہو جاؤں میں
ایک صحرا ہوں سمندر بیکراں ہو جاؤں میں
ثانیہ صدیوں سے مل کر جاوداں ہو جاؤں میں
اے خدا توفیق دے اتنی مجھے توفیق دے

اِک گھنا بن بے نشاں ہے پاسباں کوئی نہیں
رات برفانی ہے بجز بس کارواں کوئی نہیں
ہر مسافت ہو منوّر جگنوؤں کے دیپ دے
اے خدا توفیق دے اتنی مجھے توفیق دے

یہ دُعائے نیم شب یا ربّ میری مقبول کر
اب لہو کے آبشاروں میں ذرا تخفیف کر
جگمگاتی جنتوں سے اِک کرن کی بھیک دے
اے خدا توفیق دے اتنی مجھے توفیق دے

تڑپ تڑپ کر، سسک سسک کر
یہ آس کے گُل کھلائے رکھنا
بُجھا نہ پائے بلا کی آندھی
چراغ دل کے جلائے رکھنا
نہ آہ بھرنا نہ شکوہ کرنا
بہے نہ اشکوں کا کوئی جھرنا
دُعا تمہاری ہے اک سہارا
اُسی کی تسبیح ہلائے رکھنا
یہ نفرتوں کی ہے تیز آندھی
لگام اس پر ہے کس نے باندھی
مُحبتیں ہیں متاع تمہاری
اُنہیں سے رشتہ بنائے رکھنا،

نہ آنا قبر پر میری صبر سے کام لے لینا
پلاتے جو رہے ہو اُس زہر سے کام لے لینا
قہر کی رات کے قصے سحر کے شعر طولانی
نظم دیوان رہنے دے نثر سے کام لے لینا
مُعطّر وادیوں کی سب فضائیں داستانیں ہیں
بُھلا کہ اُن بہشتوں کو عِطّر سے کام لے لینا
زمیں سب ایک جیسی ہیں بہاروں پت جھڑوں کی ہوں
مُبارک ماہ رہنے دے صفر سے کام لے لینا
جو تھے برتر جو تھے افضل نسل وہ داستانیں ہیں
ابھی "آزاد" اپنے ہی بشر سے کام لے لینا

نبیؐ کا فیض جاری ہے ذرا اے کاش مل جائے
مرے صحرا کو اک گلشن ہرا اے کاش مل جائے

میں سجدے میں گرا تو ہوں مری آہ بے اثر سی ہے
مرے کھوئے سکوں کو اک کھرا اے کاش مل جائے

جھمیلوں نے مجھے گھیرا ہے اتنا یا رسول اللہؐ
بہشتی وادیوں سے اک قرح اے کاش مل جائے

میرے ہمدم کبھی جو تھے وہ ماضی میں ہوئے ہیں ضم
کرم تیرا مجھے بس آسرا اے کاش مل جائے

حرم کے پاس آکر میں ارج کا ایک طالب تھا
لبوں پر اک دعا تھی دوسرا اے کاش مل جائے

جھمیلے سارے رہنے دے کیا کر سیر سیلانی
یہ میلہ چار دن کا ہے کیا کر سیر سیلانی

ابھی سب تھا ابھی کچھ بھی نہیں ہے پاس اب اپنے
سفینے ہیں جو سانسوں کے کیا کر سیر سیلانی

جو اپنے تھے پرائے ہو گئے ہیں آج ہونے دے
تو فطرت کا سہارا لے کیا کر سیر سیلانی

جو ذرّے تیرے چھونے سے چمکتے تھے شمس بن کر
انہیں کترا کے جانے دے کیا کر سیر سیلانی

نشیمن تھے تیرے جو کل قفس وہ آج تیرے ہیں
نہ تنہائی میں ایسے جل کیا کر سیر سیلانی

کنارے جھیل کے تیرے "زبروَن" منتظر تیرا
بُلاتی وادیاں بھی ہیں کیا کر سیر سیلانی

پروانہ نہ کر پہلے اک بات میری سُن لے
ظلمات کی یہ اپنی اوقات ذراسُن لے
سونے کے ہیں پر تیرے چاندی کی قلعی ہے
ناپاک گگن ہے حق بات ذراسُن لے
تربیل نہیں کوئی اس بھیڑ میں تنہا ہے
لاہوت کے سازوں پر نغمات ذراسُن لے
اشعار بہائے ہیں دیوان سجائے ہیں
رہنے دے میرے دو یہ قطعات ذراسُن لے
آکاش کی منزل ہے نیلا ہے گگن تیرا
پیر خاک میں ملنا ہے آیات ذراسُن لے

مراحل سفر کے منازل قہر کے
پیئے ہم نے کتنے تجربہ زہر کے
کبھی چاندنی ہے کہر پوش کتنی
کبھی جگمگاتے اندھیرے سحر کے
اُمنڈ آئی خلقت پہاڑوں پہ کتنی
ادھر کتنے ویراں پڑے ہیں شہر کے
ہم ہی بھول بیٹھے وہ اوراقِ ماضی
یہ کوہسار جھیلیں گواہ ہیں جبر کے
کئے بے خبر ہم زمانے نے کتنے
ابھی کل تلک تھے شہر ہر خبر کے

کھلانا گُل کو خاروں میں بھی تو باغبانی ہے
بلند و پست میں جینا یہ رسمِ زندگانی ہے

شفق پہ بکھری تحریریں ازل سے نھیں ابد تک ہیں
کہانی یہ نہیں پل کی یہ قصہ جاودانی ہے

حکایت طاقِ نسیاں کی قناعت سے سجا باطن
زمیں والے پکڑ کر لے یہ تحفہ آسمانی ہے

جو جیسے تھے وہ ویسے ہیں بھلا کب کون بدلا ہے
یہاں تو سانس لینا بھی خدا کی مہربانی ہے

جو مر کر ہو گیا زندہ وہ رخشندہ ہمارا ہے
وہ اس خاکی لبادے میں فرشتہ داستانی ہے

آوارہ پن اب کب تلک یوں خاک چھانوں شہر کی
یہ رات کیسی قہر کی خوشبو کہاں ہے سحر کی

منزل بہ منزل کو بہ کو ہر سو مصائب ساتھ ہیں
آبِ شفا کی لہر بھی ہے موج گویا زہر کی

تفہیم سمجھاؤں کسے ترسیل ہی ممکن نہیں
محصور سب سرمست ہیں محفل میں ماہ و مہر کی

رحمت کی اُجلی رفعتیں ہمراہ وہ اپنے لے گیا
پل بھر اُٹھی اور سو گئی اِک موج تھی جو بحر کی

ہمزاد طائرِ خوش نوا رفعت فلک کی بیکراں
ہجرت سے پہلے دیکھ لے ہر مُکھ کی چوٹی قہر کی

کبھی شہد میں ہے گھُلی ہوئی
کبھی زہر میں ہے ملی ہوئی
کبھی خوش نُما کبھی رنگ بھری
کبھی اَدھ مری ہے یہ زندگی

کبھی وُسعتوں میں ہے بیکراں
کبھی دائروں میں ہے سرگراں
کبھی مُدّتوں میں ہے ایک پل
کبھی ایک پل ہے یہ زندگی

کبھی قافلے سے کٹی ہوئی
کبھی کارواں میں بٹی ہوئی
کبھی رہ گُذر میں لُٹی ہوئی
کبھی رہنما ہے یہ زندگی

کبھی نوک پر کسی خار کے
کھڑی مسکراتی ہے ہار کے
کبھی پھول پر کھلی اوس سی،
کبھی دار پر ہے یہ زندگی

کبھی آنسوؤں کی ہے داستاں
کبھی حسرتوں کی حدیث ہے
کبھی جگنوؤں کے ہیں قافلے
کبھی کہکشاں ہے یہ زندگی

کبھی رُخ ہواؤں کے موڑتی
جوئے کوہسار سی دوڑتی
کبھی تتلیوں کے لمس سے بھی
ملے خاک میں گُلِ زندگی

ایک پل کی یہ رفاقت، ایک پل کا پیار ہے
نفرتوں کی آندھیوں، میں یہ حسیں اُبھار ہے

ہر بلند و پست میں، جو دو رِلبوں کے پاس تھا
ب نزاع کے وقت آکر پوچھتا اسرار ہے

یہ شبِ ظلمت ہماری آنسوؤں کی داستاں
ہر سحر کے ساتھ سجتا اب نیا اِک دار ہے

رہ گئی اس پار نیّا ڈوبنے سے رہ گئی
یہ بھنور اِس کے مقدّر لے وفا اُس پار ہے

تنکہ تنکہ آشیاں جب جوڑ کر فارغ ہوا
بجلیوں کا قہر برسا راکھ کا انبار ہے

حساب کے دن کی آس ہوگی
نماز میری اساس ہوگی

جہاں بھی "شاداب" سبزہ ہوگا
"فرح" وہیں آس پاس ہوگی

کدورتوں سے کریں جو نفرت
انہیں محبت ہی راس ہوگی

جو ہستی ہوگی خلوص والی
وہ عام ہو کر بھی خاص ہوگی

قلم کتابوں کی یہ رفاقت
اداسیوں کی مٹھاس ہوگی

عنایت ہے ربّ کی ارج اور رحیم
اُسی نے ہے بخشا یہ تحفہ عظیم

نہ بردن سے اُتری شعاعیں ہیں یہ
طلوع کی کتابیں ہیں کتنی ضخیم

ارم کا تقدس میرے گھر میں ہے
فرشتے لئے آئے عزم صمیم

مجسم ہیں توقیر کی میرے ساتھ
مُعطّر نشیمن ہو لئے شمیم

میں سجدے میں گر کر جو ممنوں ہوں
گُناہ گار میں اور وہ کتنا رحیم

افہام سے لے لیجئے، تفہیم سے دے دیجئے
انجامِ فرائض سب تنظیم سے دے دیجئے

مجلس یہ مُقدس ہے تہذیب یہاں لازم
جو زہر بھی دینا ہو تعظیم سے دے دیجئے

اِس گُلشنِ زیبا کی رنگین فضاؤں میں
جو خارِ عنایت ہوں تکریم سے دے دیجئے

تلقین نمازی پر تقدیس مساجد کی
تحسین کا یہ مرتب تحریم سے دے دیجئے

ارباب سخن ہیں جو احکام نہیں دیتے
آزاد صلہ لیجئے تسلیم سے دے دیجئے

گُلشن ہے یہ صوفی کا گوشہ یہ صفا کا ہے
تشریف یہاں رکھئے ایوان وفا کا ہے

خانہ یہ کتابوں کا جانا سا ہے پہچانا
اوراق ادب کے ہیں مضمون نفع کا ہے

اس بزم کی خوشبو سے تطہیر برستی ہے
ہر ذکر مقدس ہے ہر فکر رِفا کا ہے

حکمت کا خلاصہ ہے ان بند کتابوں میں
تخلیق کی سطروں میں کچھ ذکر جفا کا ہے

آزاد کی دنیا کے اظہار ہیں روحانی
ہر رنج و کرب میں یہ وجدان دفاع کا ہے

یہ اشعار اپنے کتب خانے کی تجدید کے بعد کہے گئے (جان محمدؐ آزاد)

تمہارا نام زندہ ہے تمہاری یاد تابندہ،
یہ وادی جگمگاتی ہے فلک ہے کتنا رخشندہ

تمہیں عظمت کے ہر مکھ ہو، تمہیں ہو شان کشمر کی
تمہاری آن کے صدقے یہاں کا ہر مکیں بندہ

تمہیں نے دار چوما تھا نہایت ہی عقیدت سے
فضیلت حق نے بخشی تھی، ہوا باطل بھی لرزندہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اقراء باسم ربک الذی خلق ...

الوداع موسمی پنچھی

جان محمد آزاد

کے

سخن ریزے

اردو کے ادبی منظر نامے پر جناب جان محمد آزاد سید
فعال اور توانا شخصیتوں کی پرچم کشائی کرتے ہوئے افسانہ نگار،
ناولسٹ اور صحافی کی حیثیت سے ادب کی ترویج و اشاعت
کے سامان بہم پہنچا رہے ہیں۔ آپ کے ناول "کشمیر جاگ اٹھا"
"وادیاں بُلا رہی ہیں"، "ظلمات کے مسافر" اور "برفیلے لمحوں
کا جنگل" کی نہ صرف ریاست بھر بلکہ ریاست سے باہر کے ادبی
حلقوں میں بھی کافی پذیرائی ہوئی ہے۔ اُن کا تحقیقی مقالہ
"آداب صحافت"، جو بقول جناب محمد یوسف ٹینگ کے "کتاب
سے زیادہ ایک بشارت ہے" کو ہندوستان کی ایک جامعیہ
نے اپنے نصاب میں شامل بھی کیا ہے۔

یوں تو جان محمد آزاد صاحب نثر کے مرد میدان ہیں
مگر قسام ازل نے اُن کے لئے ایک اور یاوری کی ہے کہ انہیں

شاعرانہ بصیرت اور بصارت بھی عطا کی ہے۔ جسکا اندازہ بخوبی اُن کے ناولوں میں بعض جگہ اُن کے اظہار کے اُس پیرایہ سے لگایا جاسکتا ہے جہاں وہ کہانی نویس کے تشریحی منصب سے ہٹ کر۔ ایک شاعر کی طرح احساسات و جذبات کی زبان سے گفتگو کرتے ہوئے نظر آتے ہیں بلکہ اُن کے افسانوں کا لب و لہجہ اکثر و بیشتر شاعرانہ سحر کاری سے مزیّن ہوتا ہے اسی مناسبت سے اُن کا شاعر ہونا یا شعری مجموعہ مرتب کرنا کسی اچنبے کی بات نہیں ہے۔

"الوداع موسمی پنچھی" جناب جان محمدؔ آزاد کا پہلا شعری مجموعہ ہے یہ ریاست سے شائع ہونے والا ایسا مجموعہ ہے جس میں ہائیکو نظمیں بھی وافر تعداد میں شامل ہیں اس مجموعہ کو اگر مسافتوں کا منظر نامہ کہا جائے تو کوئی مبالغہ آرائی نہیں ہوگی۔ موصوف کا شعری مزاج عصری آگہی اور صالح شعری رویوں سے متصف ہے۔ اُن کی فکری اور شعری صلاحیتیں اُس روایت کی نشاں دہی کرتی ہیں جس کو میں اُردو کی روایت گردانتا ہوں اور جس کے ڈانڈے حاتمؔ و میرؔ، تاباںؔ سے ملتے ہیں۔

عصرِ حاضر کو حاتمؔ و میرؔ و سوداؔ و تاباںؔ کے پُر آشوب عصر سے کسی طرح الگ نہیں کیا جاسکتا ہے۔ یہ کہنے میں کسی کو تامُل نہیں ہوگا کہ مذکورہ شعرائے کرام کے زمانے کے دن رات یقیناً ہمارے زمانے کے دن رات سے آملے ہیں وہی غُل غپاڑا وہی کسمپرسی وہی سناٹا۔ یہ حالات و واقعات

ذات گزینی کی طرح ایک تخلیق کار کو مائل کر دیتے ہیں ان حالات میں ایک تخلیق کار اپنے زخموں کو کھجلانے کے سوا کر بھی کیا سکتا ہے۔

اس وسیع تناظر میں شاعری آپ بیتی کے ساتھ جگ بیتی نہ ہو تو کیا ہو گی۔ کیونکہ پچھلے زمانے میں لوگ زہر مرنے کے لئے پیتے تھے مگر اس وقت مرنے کے بجائے جینے کے لئے زہر پیا کرتے ہیں۔ بقول جان محمدؔ آزاد

بکھرتے بکھرتے زمانے ہوئے
سمٹنا ہمارا مقدر نہ تھا
یہ جھرنے کبھی جھیل بن نہ سکے

جان محمدؔ آزاد کی غزلوں میں آشوب آگہی کا اظہار بدرجہ اتم موجود ہے آپ نے سنگ بستہ حقایق کی نقاب کشائی جس اچھوتے انداز میں کی ہے وہ لایق صد تحسین ہے۔ ان کی غزلوں کے بعض اشعار اتنے بے ساختہ اور برجستہ ہیں کہ ان میں زبانِ زدِ خاص و عام ہونے کی بھرپور صلاحیت موجود ہے۔ آزاد صاحب نے اپنی غزلوں میں مترنم اور رواں بحروں کو زیادہ استعمال کیا ہے۔ آپ موسیقیت اور غنایت پر زیادہ اصرار کرتے ہیں چنانچہ آپ کے یہاں جب خیال رنگوں میں ڈھلتا ہے تو باطن کا آئینہ خانہ گویا جگمگا اُٹھتا ہے

من کے منکے تن کے تنکے جن جن کو جوڑا تھا
بستی بستی بن بن برسے یہ برسات تو اپنی ہے

دل دیپک ہے شب بھر جلتا رہتا ہے
نخ بستہ ہے جھیل پگھلتا رہتا ہے

ہیں ہوائے تیز کی زد پہ اب | جو خزاں کا ایک چنار ہوں
مجھے پھر سجا اُسی شان سے | مری عظمتوں کو بحال کر

جان محمد آزاد کی غزلوں اور نظموں میں جو بات قدرِ مشترک کی حیثیت رکھتی ہے وہ اپنی کھوئی ہوئی عظمتوں کی بازیافت ہے۔ عظمت رفتہ کی تولد دیگری کا شوق و جستجو ان کی بیشتر نظموں اور اشعار کا نفسِ مضمون ہے در اصل ایک حساس تخلیق کار ان چیزوں کا نقیب ہوتا ہے جیسے گئے لمحوں کے جگنوؤں کی یہ قندیلیں انہیں اپنے پرکھوں سے ورثے میں ملی ہوں یا اُس کے اطراف و جوانب میں عظمت رفتہ کی تلاش و جستجو کی عمدہ مثال اُجالوں کی اڑان میں پائی جاتی ہے۔

پھر مناظر سے گلے مل کر منازل چومتا
طائر کہسار بن کر چوٹیوں پر جھومتا

جان محمدؔ آزاد صاحب سب سے اہم چیز اُن کی ہائیکو نظمیں ہیں۔ جو اس مجموعے میں شامل ہیں اور جن کی تعداد ڈیڑھ سو سے کم نہیں ہے۔ آپ نے چھوٹی چھوٹی بحروں میں ننھے منے جگنو روشن کئے ہیں اور ایک تخلیقی مصوّر کی

کی طرح خوالیوں کو گویا نقش کر کے پیش کیا ہے۔ ہائیکو جاپانی صنف ہے۔ اردو میں یہ صنف ابھی نوزائیدہ صنف سخن ہے۔ مختصر اصناف میں رباعی کے بعد یہ دوسری صنف ہے۔ اِس صنف نے گذشتہ ربع صدی اور بالخصوص پچھلی ایک دہائی کے دوران اردو میں کافی مقبولیت حاصل کی ہے۔ ہائیکو کے اردو منظوم ترجمے جو تقریباً چھ سو کی تعداد میں ہیں سب سے پہلے عبدالعزیز خالد کے شعری مجموعے "عبادِ شبنم" مطبوعہ ۱۹۷۸ء کے ذریعہ منظرِ عام پر آئے اور طبع زاد اردو ہائیکو کا پہلا مجموعہ "ہائیکو" مصنف پروفیسر محمد امین ۱۹۸۱ء میں شائع ہوا۔ ہندوستان میں علیم صبا نویدی نے تریلے کے نام سے ۱۹۸۶ء میں اپنی ہائیکو نظموں کا مجموعہ زیورِ اشاعت سے آراستہ کیا۔

جناب جان محمد آزاد کے یہاں دونوں طرح کی ہائیکو نظمیں پائی جاتی ہیں۔ ایک وہ جو سترہ رکنی ہیں اور دوسری جو مساوی الاوزان ہیں۔

جان محمد آزاد کی ہائیکو نظمیں چاہے وہ سترہ رکنی ہوں یا مساوی الاوزان دونوں میں موضوعات کا تنوع پایا جاتا ہے الفاظ کی دروبست کے ساتھ مصرعوں میں بندش کی چستی قابلِ غور ہے۔ ان نظموں کا سب سے بڑا قابلِ غور وصف ان کی محاکاتی کیفیت ہے ان میں محسوسات کی لطافت ہے ان میں اپنی دھرتی کی بوباس ہے۔ ان نظموں میں ارض کاشمر کے تمام موسم اپنی تمام خوشبوؤں اور رنگوں کے ساتھ روشن

ہوتے ہیں۔ رنگوں کی یہ کائنات زندگی کے مفہوم اور اس
کی ترسیل سے مستحق طور عہدہ برا ہوتی ہے۔ جان محمد آزاد
کی غزلوں اور نظموں کی طرح ان کی ہائیکو نظموں میں بھی
عصریت کا عنصر غالب ہے۔ شاعر نے اپنے اطراف کی دنیا
کو قریب سے دیکھا ہے پرکھا ہے اور محسوس کیا ہے۔ مختصراً
اُن کی شاعری میں جنون و خرد کی ایسی حسین آمیزش
ہے جس سے قاری کو اس ذہنی مسرت اور فکری رفعت
کا تجربہ ہوتا ہے جسے انگریزی ادب کی اصطلاح میں
SUBLIMITY & EESTASY کہا جاتا ہے۔ میں ان
نئے اشعار، اس نئی آواز اور اس نئے انداز کے خالق
کا خیر مقدم کرتے ہوئے انہیں اپنا مجموعہ مکمل کرنے
پر مبارک باد پیش کرتا ہوں۔

ڈاکٹر فرید پربتی

جموں و کشمیر کے مُصنّفین اردو

جان محمّد آزاد

کا ایک

جاودان تحقیقی کارنامہ

جموں و کشمیر اکیڈیمی آف آرٹ کلچر اینڈ لینگویجز کے اہتمام سے شایع ہونے والا یہ عظیم پروجیکٹ بے پناہ عزم و ہمت کا متقاضی تھا لیکن اللہ کے کرم سے یہ تکمیل کو پہنچا اور اس نے ریسرچ سکالرس کے حلقوں میں ریفرنس REFRENCE کی بے پناہ مقبول کتاب کی حیثیت حاصل کرلی۔ اس تذکرے کے منظرِ عام پر آنے کے بعد کشمیر میں معیاری نثر کی اینٹوں سے ایک پرشکوہ محل تعمیر کرنے کی کوشش کی گئی۔

جان محمد آزاد اس معرکۃ الآرا شیرازہ بندی کے متعلق یوں تحریر کرتے ہیں۔

مجھے اس بات کا دعویٰ نہیں ہے کہ میں نے اس کام کو "منطقی انجام" تک پہنچایا ہے۔ بلکہ سچ تو یہ ہے کہ مجھے اس کے نامکمل رہنے کا اعتراف ہے۔ اس عظیم پروجیکٹ کی تکمیل میں جس جنون سامانی اور اہلیت کی ضرورت تھی شاید میں اسکا متحمل نہیں تھا۔ تاہم میں نے شخصیات اور ان سے متعلق معلومات کی چھان بین اور اس کے حصول میں نہایت کاوش سے کام کیا ہے

بہ صبر آزما عمل میرے لئے کسی جوئے شیر کے لانے سے کم نہیں تھا اس کے دوران مجھے کئی ہفت خواں طے کرنا پڑے۔ افسانوی افق پر چمکتے ہوئے تاروں کی درخشندگی سے اپنے نگار خانے کو منور کرنے کے لئے کبھی کبھی مجھے داستانوی کہ داربن کر کتابوں کے دفینوں پر بیٹھے ہوئے ان ناگوں سے نبرد آزما ہونا پڑا جنھوں نے کشمیریات اور ادبیات سے متعلق مواد کو ناقابل گرفت بنا کے رکھ دیا تھا۔

یہ بات حوصلہ افزا ہے کہ بعض اصحاب بڑی محنت اور بزرگانہ شفقت سے پیش آئے اور نہایت فراخ دلی سے مجھے اپنا تعاون دیا۔ یہ اسی تعاون کا اعجاز ہے کہ بالآخر ایک ایسا نگار خانہ وجود میں آیا ہے جس کی مختلف جہتوں پر رنگ برنگے فانوس آویزاں ہیں۔ یہ فانوس اپنا ایک جداگانہ حسن رکھتے ہیں۔ یہ ایسا نگار خانہ ہے جس میں ٹنگی ہوئی پینٹنگس اور ڈرائنگس اپنے ایک مخصوص رنگ میں رنگی ہوئی ہیں۔ کہیں کوئی تصویر رنگوں کی معقول کمپوزیشن میں صاف ابھرتی دکھائی دیتی ہے۔ کہیں کسی تصویر کے رنگ اور خط اس کی شبیہ کو پوری طرح ابھرنے نہیں دیتے۔ ایسی بھی کئی تصویریں ہیں جن کا محض ایک دھندلا سا خاکہ ہی دکھائی دیتا ہے ممکن ہے کہ بعض مجسمے درشت اور کھردری شکل میں بھی ابھر سکتے ہوں۔

دراصل یہ تصویریں شخصیات کے رنگ اور ان کی تصانیف آہنگ کو محسوس کر کے ہی کینوس پر ابھر پائیں ہیں۔ ہم عصر ادیب اور ادیبوں کی یہ مصوری معمولی کام نہیں۔ خوف اور لحاظ کے پھیلے

ہوئے سلسلے قدم قدم پر دامن گیر ہوتے ہیں۔ یہ چیز کاری اور
تجزیہ جہاں ایک طرف بڑی گہری بصیرتوں کا متقاضی ہے
وہاں کبھی کبھی بے لاگ بات کہنا بڑا مشکل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ
کسی فنکار کی تخلیقات کے بارے میں صحیح فیصلہ آئندہ نسل
ہی کرتی ہے اور مستقبل کا فیصلہ ہی حتمی قرار دیا جاسکتا ہے
اس لحاظ سے بھی یہ کام دقت طلب تھا خصوصاً اس آدمی کیلئے
جس کا مسلک ہی صلح کل رہا ہو۔ پرانے اہل قلم پر بے لاگ تجزیہ
کرتے وقت جھجک نہیں ہوتی۔ اس کے برعکس معاصرین پر
اظہار خیال کے دوران اکثر سخت پریشانی سے گزرنا پڑتا ہے
تاہم ان سنگلاخ مزاحمتوں کے باوجود میں نے ہر چھوٹے بڑے
ادیب کا معاملہ کرتے وقت جذباتی رویہ اختیار کرنے سے
اجتناب کیا ہے اور ان کی خلوت و جلوت کو ممکنہ حد تک پیش
کرنے کی کوشش کی ہے۔

وَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ وَاهْجُرْهُمْ هَجْرًا جَمِيْلًا ۝

جان محمد آزاد

وادیاں بلا رہی ہیں

یہ ہجرتیں زندگی کے ہر دور میں میرا مقدر بنی رہی ہیں چنانچہ کالج میں داخلے کے ایام آتے ہی مجھے اپنے شہر سرینگر کی طرف واپس آنا پڑا لیکن وہ طلسماتی کوہسار، وہ سبزہ زار، وہ مرغزار مجھے بار بار بے قرار کرتے رہے۔ میں نے اس بے ساختہ اظہار کے لئے روزنامہ آفتاب کا سہارا لیا۔ اس آواز کی صدائے بازگشت مجھے صاف سنائی دے رہی تھی۔ مجھے "وادیاں بلا رہی نہیں" میں نے اس آواز پہ لبیک کہا اور یوں اس ناول کا پہلا حصہ لالہ صحرائی کے عنوان سے روزنامہ آفتاب میں قسطوں میں شائع ہوا۔ اس کے دیگر دو حصے "برف باری کی رات" اور "بہار کی دستک" کے عنوان سے ناول کا حصہ بنے۔ اُستاد مکرم پروفیسر حامدی کاشمیری ہر مرحلے پر ادب کے اس نو آموز طالب علم کی رہنمائی اور حوصلہ افزائی فرماتے رہے چنانچہ انہوں نے کہا کہ جان محمد آزاد کا یہ ناول تابناک ارغوانی صبحوں اور ٹھٹھری ہوئی برفیلی شاموں کی کہانی ہے مصنف نے اس کہانی کو پہاڑوں، جنگلوں اور وادیوں کے بدلتے موسموں کے متنوع رنگوں، سایوں اور روشنیوں میں تحلیل کر کے اس کی شعری تعبیر کی ہے۔!

آزاد ہے بن جارہا یا عرش کا تارا ہے
ہمزاد کو ہجرت کی یہ کس نے سزا دی ہے

ظُلمات کے مُسافر

"جان محمّد آزاد"

— کا —

تحریر کردہ ناول

جو آپ نے کرگل ضلع میں اپنی تعیناتی کے دوران دراس کے برفستانوں میں قلمبند کیا کیونکہ خالق نے رات بنائی اور میں نے چراغ۔ اُس نے مٹی بنائی تو میں نے پیالہ۔ اُس نے بیابان کہسار اور مرغزار بنائے تو میں نے خیابان اور گلستان سجائے۔ میں وہ ہوں جس نے پتھر سے آئینہ نکالا میں وہ ہوں جس نے زہر سے تریاق برآمد کیا۔

اس ناول کا انتساب

"زوجیلا" کی اُن لرزاں خیز چوٹیوں کے نام تھا جن کے تون آشام چوٹیوں کے اُس پار کی سیاہ بخت سرزمین میں نہ جانے کتنی کھلی روحیں اور کھلے جسم آج بھی طلسم دوش و فردا کے اسیر ہیں——!

ایک ناول
کشمیر
جاگ
اٹھا
جان محمد آزاد
جب اندھی صدیوں کے جبر کے بعد ایک تابناک صبح طلوع ہوئی

آشیاں سے آسماں تک

"جان محمد آزاد" ہماری ریاست کے ایک معروف ناول نگار ہیں۔ اِن کے ناولوں اور افسانوں میں سرزمین کشمیر اپنی تمام تر خوبصورتی اور رعنائیوں کے ساتھ جلوہ گر ہوتی ہے۔ آپ کے افسانے گویا حُسنِ کشمیر کے آئینہ دار ہیں۔ "آشیاں سے آسماں تک" آپ کی کشمیر پرستی کا ایسا نگار خانہ ہے جس میں ٹنگی ہوئی پینٹنگس اور ڈرائینگس اپنے ایک مخصوص رنگ میں رنگی ہوئی ہیں۔ یہ جبتر کاری اور تجربہ دراصل آپ کی گہری بصیرتوں کا عکاس ہے۔ آپ کے ادب میں کشمیر کا والہانہ اور عاشقانہ اظہار ملتا ہے چنانچہ یہ فیصلہ کرنا مشکل ہوتا ہے کہ آیا وہ خود کشمیر کے باطن میں رہتے ہیں یا پھر کشمیر انکے باطن میں جاگزین ہے آپ اپنے وطن کے درد اسکی پسماندگی اور انسان دوستی پر گہری نظر رکھتے ہیں۔ آپ اپنی فہم و فراست سے اپنے بیانیہ میں شعریت کے رنگ تخلیق کرتے ہیں اور اس طرح ایک مختصر سے افسانے کو افکار و عقاید کی نئی کائنات سے آشنا کرتے ہیں۔ یہ نشان اردو کے افسانوی ادب میں ہمیشہ باقی رہیں گے۔ کاش قدرت کے ان عطیات سے سبھی یکساں طور مستفیض ہو کر اپنی عاقبت سنوار سکیں۔

پروفیسر حامدی کشمیری

مصنف کے انداز بیان میں شعریت ہمیشہ غالب رہی ہے۔ پھر جب بھی شعریت فطرت کی مصوری میں تحلیل ہو جاتی ہے تو ان کی تخلیق کی توانائی گویا نقطۂ انتہا پر پہنچ جاتی ہے۔

نور شاہ

آشیاں سے آسماں تک کا یہ سفر ہر اعتبار سے ادب کے اصولوں پر کھرا اُترتا ہے۔ مصنف نے جن تجربوں کو روبہ عمل لایا ہے وہ اُردو کے بعض جدید افسانہ نگاروں کی منفی روش سے قطعی مختلف ہے۔ مصنف ہمیشہ ناقدین سے بے پرواہ ہو کر لکھتے رہے ہیں اور اُن کا یہ افسانوی سفر نہ صرف آشیاں سے آسماں تک کا ایک کامیاب سفر ہے بلکہ ماضی اور حال کی ہم رشتگی کا کامیاب اظہار بھی ہے ــــ!

ستیش ومل

"آزاد" نت نئی مشکلات اور رکاوٹوں کے باوجود اپنے تخلیقی سفر پر رواں دواں رہے ہیں۔ میں انہیں اِس نئی کامیابی پر دل کی عمیق گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید کرتا ہوں کہ وہ آئیندہ بھی اپنے تخلیق و تحقیق کے سفر پر اسی طرح سرگرمی سے رواں دواں رہیں گے۔!

غلام نبی خیال

"جان محمد آزاد" کا مجموعہ "آشیاں سے آسماں تک" ادب کی دُنیا میں ایک تازگی اور شگفتگی کی بشارت لیکر آیا ہے۔ آپ کی نثر میں منظر گویا لامنظر ہو جاتے ہیں۔ آپ کی بصیرتوں سے جسم و روح میں ایک وجدانی ارتعاش پیدا ہوتا ہے یہ تحریریں کسی روحانی عمل سے کم نہیں ہیں۔ کاش اُجالوں کی اس اُڑان سے سبھی مستفیض ہو کر اپنی عاقبت سنوار سکیں۔!

پروفیسر مجید مُضمر

"آزاد صاحب" ایک خاموش قلم کار ہیں جو اب ایک چوتھائی صدی سے مختلف اصناف سخن میں اپنا گرانقدر حصہ ادا کرتے رہے ہیں۔ آپ ابھی تک درجن بھر کتابیں تحریر کر چکے ہیں جو ہمارے لئے ایک بیش بہا سرمایہ ہیں ۔۔۔!

ظریف احمد ظریف

" آشیاں سے آسماں تک " کا یہ مجموعہ قارئین کو کئی لحاظ سے محو حیرت کر دیتا ہے۔ کتاب کے مطالعہ کے دوران پڑھنے والے پر ایک عجیب و غریب کیفیت طاری ہوتی ہے۔ مصنف کی تحریریں دراصل ایک نئے رجحان کا گویا نقشِ اوّل ہے۔ اس نئی زبان اور نئی THEME کو مشعلِ راہ بنا کر آگے بڑھایا جانا چاہئے۔!

رفیق راز

اُردو زبان و ادب میں

جان محمدؐ آزاد

کا

دبستانِ نثر

ریسرچ سکالر شبیر احمد بٹ

کا یہ تحقیقی پروجیکٹ، جو انھوں نے برسوں کی عرق ریزی کے بعد مکمل کیا ہے۔ تحقیق کا یہ ضخیم کام آپ نے حیدرآباد یونیورسٹی کی ہدایت پر کیا اور اس میں حیدرآباد یونیورسٹی کی پروفیسر ڈاکٹر عرشیہ جبین آپ کی نگرانی فرماتی رہیں۔

ابھی حال ہی میں حیدرآباد یونیورسٹی کی جانب سے شبیر احمد بٹ کو اس تحقیقی کام کے لئے ایم فل کی ڈگری عطا کی گئی۔ شبیر احمد کا یہ کارنامہ عنقریب کتابی صورت میں منظرِ عام پر آرہا ہے۔

برفیلے لمحوں کا جنگل

"جان محمد آزاد" کا

وہ ناول جس پر انہیں اکیڈمی ایوارڈ دیا گیا۔

کشمیر — ایک نامراد سرزمین — اندھی صدیوں کے جبر سے جھلسی ہوئی جنت۔ جسکی بے بس باہوں میں مجبور اور محکوم لوگ سالہا سال تک اونگھتے رہے۔ نظر انداز ہوتے رہے پر جہاد ماہ و سال نے ان کے تابناک ماضی کو دھندلا دیا۔ گردش آفاق نے ان کے عظیم الشان تمدن کو روند ڈالا۔ مٹیالے اور میلے بادلوں نے ان کے سارے آسمان ڈھک دیئے۔ زہریلی ظلمتوں کی یہ برف باری کی رات سینکڑوں برسوں پر محیط تھی۔ اس رات کی سحر کاری نے ہر چیز پر خواب کا ملمع چڑھایا۔ برف کی بے حساب تہوں نے رستوں کے سارے نشانات مٹا کے رکھ دیئے۔

برفیلے لمحوں کے اس جنگل کا گھنا کہرا پھر سالہا سال تک شہر فسوں کے ابھرے ہوئے لوگوں کو لپیٹے رہا۔ یہ برف اُن کی رگوں میں جم کر رہ گئی لیکن پھر نہ جانے کیا ہوا کہ شہر زمستان اپنے برفانی مرقد سے صدیوں کے بعد ایک ہیبتناک انگڑائی لے کر اٹھ بیٹھا نقوش پارینہ کی بازیافت ہونے لگی سینے میں گھٹی ہوئی سانس کا بے دم پرندہ پہلی بار تازہ ہوا کے جھونکے سے سرشار ہوا جن ارجمند فرزندوں نے اہل کشمیر کے آنسوؤں کے قطروں

کونپوں کیطرح چننا چاہا اُن میں سے بیشتر کو چمن سے بہت دور آشیانہ بنانے مجبور ہونا پڑا صدیوں
کا ملال دھونے کی متمنی یہ اُداس نسلیں بلبلِ شکستہ حال کی طرح سات سمندر پار کے دیارِ غیر میں پناہ لینے پر
مجبور ہوئیں یورپی ممالک میں یہ لوگ اپنی بے وطنی سے پیدا شدہ افسردگی کو ہر موڑ پر اپنا خونِ جگر پلاتے
رہے کیونکہ یہی افسردگی انہیں اپنی شناخت کا پتہ دیتی تھی۔ انکے دل کے جنگل فردوسِ گم گشتہ کی ہفت رنگ
شعاعوں سے منور رہتے۔

اس پس منظر میں پیش نظر ناول کی تحریر کے دوران میری آنکھوں کے سامنے کہرے اور کرن، روشنی
اور رنگ کی آنکھ مچولی ہوتی رہی۔ بہت سے پیکر گردش کرتے رہے۔ میں ان خوابی پیکروں ان
کہریلی ظلمتوں کی کوکھ میں ابھرتی کرنوں کو قرطاس پہ اتارتے ہوئے جس تخلیقی
اضطراب سے گذرا ہوں اُس کا اندازہ بہت کم لوگ کر سکتے ہیں مغربی مزاج کے کینوس
کے باوجود میری ارضیت پسندی مجھے اپنی مٹی، اپنے وطن اس کے مظاہر اور
اس میں سانس لیتی زندگی سے دور نہیں کر سکی۔ میری تیکنک اور ٹریٹمنٹ
کی مغربیت کے باوجود میرا عندیہ یہ رہا ہے کہ زر کی اُس ہوس کا صحیح عکس
پیش کر سکوں، جو ہوس چشموں کی بینائی چھین لیتی ہے اور ان کے ضمیر کو سسک
سسک کر دم توڑنے پر مجبور کر دیتی ہے یہ وہ منزل ہے جب ایسے لوگوں کو انسانی
رشتوں کی پہچان رہتی ہے نہ انسانیت کا احترام۔ اس موضوع کی آفاقیت میں
جہاں ایک طرف مشرقیت اور مغربیت کی جغرافیائی سرحدیں پگھل کے رہ جاتی
ہیں وہاں آب ولر کے گہر اپنے تقدس اور تعظیم کی شعاعوں سے اہل کشمیر کے وقار
کو چار چاند لگاتے ہیں۔ اس لحاظ سے یہ عدن سے دور پھینکے گئے ایک موتی
یا ایک صنوبر کی کہانی نہیں رہتی یہ تاریک گھنے جنگل کے ہر اُس صنوبر کی آپ بیتی
بن جاتی ہے جس کی آرزو اور عزائم کے پتے سدا شاداب رہتے ہیں جو تنہائی کے
سنسان جنگل میں عظیم سکون کا سپنا لئے سربلند رہتا ہے جو زمستان کی ہواؤں میں
غوطہ زن راتوں کو بھی برف کے پھول کھلاتا ہے جو شب مرگ کے سناٹوں میں بھی
نئی سحر کی مہک اڑاتا ہے جو انسانیت کی آخری پناہ گاہ ہے۔

آدابِ صحافت

جان محمدؐ آزاد

میں جان محمدؐ آزاد صاحب کی اس کاوش کو کتاب سے زیادہ ایک بشارت جانتا ہوں جو ہماری صحافت کی تابندگی، توانائی، تطہیر اور تکبیر کی دُعا بھی ہے اور اس کا اعلان بھی۔ اس کتاب میں صحافت کے بڑے منصب کے بارے میں جو باتیں کہی گئی ہیں وہ نئے امکانات کے بیج ہیں جو ضرور بار آور ہوں گے۔

آزاد صاحب ہمارے صحافت شناسوں کی نئی نسل سے تعلق رکھتے ہیں اور اگر اس دبستان کے ایک نمائندہ میں صحافت کا یہ تصور ابھر رہا ہے تو اس کا صریح مطلب ہے کہ یہ بجلیاں زیادہ دیر تک بادلوں میں چھپی نہیں رہ سکتیں۔ یہ تڑپ تڑپ کر آخر کار ہماری زمینِ دل اور کشتِ ضمیر پر گر پڑیں گی!

— محمدؐ یوسف ٹینگ

شہرِ ملال کے ہمسفر

جان محمد آزاد کا تحریر کردہ نیا ناول

اے سحر گم گشتہ کے ستارو! خدارا مجھے کھل کے رونے دو۔ شبِ غم تمہیں بھی سُلا دے گی لیکن میں تمہارے نُور کے پیکر تو آنکھوں میں سمیٹ کر روتا رہونگا، روتا رہونگا، روتا رہونگا۔

★

امن کی زمین سے ندا آرہی ہے
کہاں ہے؟ خوش نوا طائر کہاں ہے
جبر کی آندھیاں ہیں خُوں کی ندیاں
کہاں ہے؟ غمزدوں کے ربّ کہاں ہے؟

●

اے میرے ہم سفر
مُصحف کی مرحمت سے
مستفیض ہو جا
اُٹھ اور سلام کر
اُن صداؤں کو
جنہوں نے مُشفق دوست بن کر تمہیں مُصفّا بنادیا۔۔۔!
سلام کر اُس شہرِ ملال کو
جو آج بھی لاوے کا سمندر بن کر تمہارے رگ و ریشے
میں بِکھر رہا ہے۔۔۔!

اپنے ہم سخن، ہم زبان اور ہم عصر دوست
وادی کشمیر کے ایک عہد ساز قلم کار

"عمر مجید"

کے معروف کالموں کا مجموعہ

"کشمیر نامہ جدید"

اس کتاب کی ترتیب و تہذیب میں "جان محمد آزاد" نے سرگرم حصہ لیا۔ اس کام میں جاوید حسین کرمانی نے بھی اعانت فرمائی۔ میزان پبلشرز کے اہتمام سے شایع ہوتے والے اس کتابی سلسلے میں شبیر احمد نے مرحوم کے فرزندان کی ترغیب کو حوصلہ افزا قرار دیا۔ بقول عمر مجید ؎

قلم کے سپاہی اگر سو گئے تو
وطن کے مسیحا وطن بیچ دیں گے

تاریخ ادبیات

ارضِ کاشمر

بحرالتّراجم

لگا رہا ہوں مضامینِ نو کے پھر انبار
خبر کرو میرے خرمن کے خوشہ چینوں کو

جان محمّد آزاد

اپنی نواسی ہیفا کے ہمراہ جان محمد آزاد

☆☆

جان محمد آزادنہٕ یِمہٕ مجموعکۍ یِم ژُ مصرآ
فنی تہٕ فِکری رموٗزواَسرارن ہنٛدی پوشہ
تہٕ منٛدٕ مأنی اِبہامُک مخملی پوشاک پأرأ وِ
اوہُنٛد استعأرأتی ، تشبیعأتی ورتاو
سوٚ درس اندر غوطہٕ زن چھِ کران۔ جا
پنہٕ نِہن یِمن مولہٕ لِبن تخلیقی فن پارن
خأرجی تجربن زیوٗ دِتھ بنی آدمہٕ ہنٛدِ ارتہ
نوقطہٕ دأنی ابسأوہِژ تہٕ گاشرأوہِژ۔ م
جان محمد آزاد قدیم تخلیقی رِوایتن ہُنٛد پا
جدید تجزیأتی حِسہٕ ہوشار ادیب تہٕ شأع
نِس طِلسمأتی تخلیقی سفرس اندر ژھٕنٛپن
گُپتھ اکھ اسرأری عاشقِ صادق
اشعارن منٛز رواں تہٕ دواں عرفأنی
انفرأدی تہٕ اجتمأعی اِنسأنی اقدارن ہُنٛد
تہٕ چھُ بنان ع

"ایں سعادت بزروِ بازو نیس

ظریف

ZEC̱HE PRAZLĀYAM ZULMĀTAN

Collection of Rubaiyat

By:

Jan Mohamad Azad

جان محمد آزاد صاہنز کاشُر منظوم ڈالی آیہِ ازاسہِ بروٗنہہ کُن ۔ اردوٗ زبان وادبہٕ کِس کاروانِ سفرس سےتۍ وٗری وادن ہمسفر روٗزِتھ سپُد یہِ ماجہِ کٔشیرِ ہُنٛد حسبہِ ہُوشار گوٗبُر پننہٕ نہِ ماجہِ زیوِ ہنٛز حق ادا یی کرنس کُن مأیِل ۔ تتھ پتہٕ کم اسرار چھِ تمن ہُنٛد رازدار چھُ جان صأب پانے ۔ اما پۆز یہِ اندرِم پرکاش نیبر ژھٹنک چھُ تہنٛدٮ۪ن طِلسمأتی اشعارن منٛز جایہِ جایہِ اِظہار سپدان ۔ أمی اردوٗ زبان واد بکۍ ادیبن ، قلمکارن چھُ گوڈٕ پننہِ کاشرِ باوٕژبلک وسیلہ تمہِ مُوتبرتہٕ موخصر صِنفِ سوٗخنک انتخاب کوٗرمُت ۔ تتھ بیوٗن بیوٗن زبأنین اندر پٔنن پٔنن ناوتہٕ اسلوٗب چھُ ۔ أہنٛدی یم ژٔمصرا ے چھِ بسیار پاسل فنی تہٕ فکری رموٗزن واسرارن ہنٛدی پوشہِ گنٛڈی ۔

ظریف احمد ظریف